Urdu

# NSW Health
## مریضوں کیلئے نجی تفصیلات کے اخفاء کے بارے میں معلوماتی پرچہ

### ہمارے فرائض
ہم آپ کی نجی تفصیلات کو پرائیویسی کے قانون کے مطابق برتنے کا تہیہ کیے ہوئے ہیں۔

یہ معلوماتی پرچہ واضح کرتا ہے کہ ہم آپ کے بارے میں نجی تفصیلات کیسے اور کیوں اکٹھی کرتے ہیں، آپ اپنی تفصیلات تک کیسے رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور آپ کی تفصیلات کو نیو ساؤتھ ویلز پبلک ہیلتھ سروس کے اندر کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے یا دوسرے فریقوں پر کیسے منکشف کیا جا سکتا ہے۔

### آپ کی ذاتی تفصیلات اکٹھی کرنا
جہاں بھی ممکن ہو، ہم خود آپ سے ہی آپ کی تفصیلات حاصل کرتے ہیں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو، یا کوئی ہنگامی صورتحال ہو، تو ہمیں آپ کے گھرانے کے کسی فرد، دوست، دیکھ بھال کرنے والے یا کسی اور شخص سے بھی معلومات حاصل کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے جو ہمیں آپ کی صحت کی مناسب دیکھ بھال کرنے میں مدد دے سکتا ہو۔

### حاصل کردہ تفصیلات کی حفاظت
آپ کی تفصیلات کو نیو ساؤتھ ویلز پبلک ہیلتھ سروس کے اندر کئی مختلف طریقوں سے رکھا جا سکتا ہے۔ بالعموم، آپ کی تفصیلات کو کاغذی ہیلتھ ریکارڈ کی صورت میں، اور/یا ایک محفوظ کمپیوٹرائزڈ ڈاٹابیس میں الیکٹرانک ہیلتھ ریکارڈ کی صورت میں رکھا جا سکتا ہے۔ ایکسرے یا فوٹوگراف سمیت کچھ معلومات تصویری شکل میں بھی رکھی جا سکتی ہیں یا کچھ معلومات آڈیو یا وڈیو ریکارڈنگ کی صورت میں رکھی جا سکتی ہیں۔

تمام صورتوں میں ذاتی تفصیلات کو محفوظ طریقے سے رکھنے کے سلسلے میں ہم کڑے اصولوں اور پالیسیوں پر عمل کرتے ہیں تاکہ آپ کی تفصیلات کو غیر مجاز افراد کے ہاتھ لگنے، کھو جانے یا دیگر غلط استعمال سے محفوظ رکھا جا سکے۔

### تفصیلات کا استعمال یا انکشاف
کاغذی یا الیکٹرانک صورت میں رکھی گئی آپ کی صحت کی ذاتی تفصیلات کو نیو ساؤتھ ویلز پبلک ہیلتھ استعمال کر سکتی ہے، یا ہیلتھ سروس سے باہر دوسروں کو یہ تفصیلات دی جا سکتی ہیں تاکہ آپ کو مناسب دیکھ بھال اور علاج کی فراہمی ممکن بنائی جائے۔ مثال کے طور پر آپ کی تفصیلات کو مندرجہ ذیل صورتوں میں استعمال یا منکشف کیا جا سکتا ہے:

- علاج کرنے والی دوسری ہیلتھ سروسز، ہسپتالوں یا آپ کی دیکھ بھال اور علاج میں شریک دوسرے میڈیکل سپیشلسٹوں کو معلومات دینے کیلئے
- آپ کے نامزد کردہ جی پی کو معلومات دینے کیلئے، جس میں آپ کو علاج گاہ سے رخصت کرتے ہوئے ریفرل کے کاغذات کے ساتھ دی گئی معلومات بھی شامل ہیں
- مزید خبرگیری کیلئے طے کردہ ملاقاتوں کے بارے میں گھر پر آپ سے رابطہ کرنے کیلئے
- آپ کی دیکھ بھال کرنے والے شخص کو دیکھ بھال کے سلسلے میں مدد دینے کیلئے
- نیو ساؤتھ ویلز کی ایمبولینس سروس کو
- پیتھالوجی ٹیسٹوں، ایکسرے وغیرہ کیلئے
- آپ کو ہم سے ملنے والی خدمات کے بارے میں آپ کی رائے جاننے کی خاطر آپ سے رابطہ کرنے کیلئے تاکہ ہمیں اپنی خدمات کو جانچنے اور بہتر بنانے میں مدد ملے
- بل بھیجنے اور قرض کی وصولی کیلئے
- ہسپتالوں کے چیپلن سمیت پاسٹورل کیئر کارکنوں (مریضوں کو سہارا دینے والے مذہبی کارکن) کو جو روحانی مدد اور پاسٹورل کیئر (دوستی اور سہارا) فراہم کرتے ہیں
- تربیتی مقاصد سے طالبعلموں اور دوسرے عملے کو
- دوسری ہیلتھ سروسز اور مجاز تیسرے فریقوں کو اس مقصد کیلئے معلومات دینا کہ وہ کسی کی جان، صحت یا فلاح کو لاحق سنگین اور فوری خطرہ دور کر سکیں، جیسے کسی ہنگامی صورتحال میں
- کسی شکایت کے انتظام کے مقصد سے، قانونی کارروائی، یا ہیلتھ سروس یا علاج کرنے والے کسی ماہر صحت کے خلاف دعوے کی صورت میں کلیم مینیجرز اور متعلقہ افراد کو معلومات دینا
- نیو ساؤتھ ویلز ہیلتھ سروس کے کام سے متعلقہ مقاصد اور ہمارے مریضوں کے علاج کیلئے جس میں مالی وسائل، منصوبہ بندی، حفاظت اور معیار کی بہتری کی سرگرمیاں بھی شامل ہیں۔

**اگر آپ نہیں چاہتے کہ ہم آپ سے متعلق بعض تفصیلات حاصل، استعمال یا منکشف کریں تو آپ کو ہمیں بتانا ہوگا اور ہم اس صورت میں آپ کی صحت کی دیکھ بھال پر پڑنے والے ممکنہ اثرات کے بارے میں آپ کے ساتھ بات چیت کریں گے۔**

قانون آپ کی صحت کی ذاتی تفصیلات مزید کچھ تیسرے فریقوں کو دینے کی بھی اجازت دیتا ہے یا یہ لازمی قرارد یتا ہے، مثلاً":

- سٹیٹ اور کامن ویلتھ حکومتی اداروں کو قانون کے تحت لازمی رپورٹنگ کے مقاصد سے معلومات دینا، جیسے ان بیماریوں کی اطلاع دینا جن کی اطلاع رپورٹ کرنا لازمی ہے، مثلاً" کینسر اور چھوتی امراض، پیدائش اور اموات کی اطلاع دینے کیلئے، اور میڈی کیئر تفصیلات فراہم کرنے کیلئے
- عوامی مفاد کے ان تحقیقی منصوبوں کیلئے محققین کو معلومات دینا جن کیلئے انسانی تحقیق کیلئے اخلاقیاتی کمیٹی (Human Research Ethics Committee) نے منظوری دی ہو
- اگر آپ نے ہمیں حملے، گھریلو تشدد، بچوں کے ساتھ بدسلوکی وغیر جیسے کسی سنگین جرم کے بارے میں معلومات دی ہوں تو دوسری ہیلتھ سروسز یا قانون نافذ کرنے والے اداروں مثلاً" پولیس کو معلومات دینا
- دوسرے اداروں کو معلومات دینا جہاں یہ معلومات کسی بچے یا کم عمر شخص کی حفاظت، فلاح یا خیریت سے تعلق رکھتی ہوں
- اگر آپ کی ذاتی تفصیلات عدالت میں بطور ثبوت مطلوب ہوں تو عدالت میں پیشی کے حکم یا تلاشی کے وارنٹ کی تعمیل کیلئے.

## Personally controlled eHealth Record (PCEHR)

Personally controlled eHealth Record (PCEHR) آپ کی صحت کی تفصیلات کا ایک محفوظ آن لائن خلاصہ ہے۔ آپ کا eHealth ریکارڈ آپ کیلئے اور آپ کے ڈاکٹروں، ہسپتالوں اور دیگر صحت کی خدمات فراہم کرنے والوں کیلئے آپ کی صحت کی تفصیلات دیکھنا اور ایک دوسرے کو دینا ممکن بناتا ہے۔ مزید معلومات کیلئے دیکھیں: www.ehealth.gov.au

## اپنی تفصیلات تک رسائی

آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ نیو ساؤتھ ویلز ہیلتھ کے پاس موجود اپنے ہیلتھ ریکارڈ سمیت اپنی تمام ذاتی تفصیلات تک رسائی کی درخواست کریں۔ بالعموم آپ سے رسائی کی تحریری درخواست دینے اور شناخت نامہ فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔ اگر آپ اپنی ذاتی تفصیلات یا ہیلتھ ریکارڈ کی کاپی طلب کریں تو آپ سے فیس لی جا سکتی ہے۔ تفصیلات تک رسائی کی درخواستوں کا جواب جلد از جلد دیا جائے گا، یا زیادہ تر صورتوں میں 28 دن سے زیادہ کا وقت نہیں لگے گا۔

خصوصی حالات میں آپ کو آپکی ذاتی تفصیلات تک رسائی دینے سے انکار کیا جا سکتا ہے جیسے اگر رسائی دینے کے نتیجے میں آپ کو یا کسی اور شخص کو ذہنی یا جسمانی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ہمارے پاس آپ کے بارے میں موجود تفصیلات غلط ہیں یا کوئی غلطی کی گئی ہے تو براہ مہربانی ہمیں بتائیں اور ہم درستگی کر دیں گے یا آپ کے ہیلتھ ریکارڈ میں ایک نوٹ کا اضافہ کر دیں گے۔

آپ کے ہیلتھ ریکارڈ تک رسائی کی درخواستیں یا تو ہیلتھ انفارمیشن سروس کے نام یا اس طبی ادارے کے مینیجر کے نام ہونی چاہیئں جہاں آپ گئے تھے۔

## ہم سے رابطہ کریں

اگر آپ اپنی ذاتی تفصیلات کے اخفاء کے بارے میں سوالات پوچھنا چاہتے ہیں یا شکایت کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اپنی ہیلتھ سروس کے پرائیویسی کانٹیکٹ آفیسر سے رابطہ کریں۔ ان سے رابطے کی تفصیلات یہاں دستیاب ہیں:
www.health.nsw.gov.au/patients/privacy/Pages/privacy-contact.aspx

## تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس

اگر آپ کو مندرجہ بالا خدمات سے رابطہ کرنے کیلئے مدد یا ترجمے کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی ٹرانسلیٹنگ اینڈ انٹرپریٹنگ سروس (TIS) کو 13 14 50 پر فون کریں۔

یہ معلوماتی پرچہ دوسری زبانوں میں حاصل کرنے کیلئے، یا کئی زبانوں میں صحت کی دیگر معلومات حاصل کرنے کیلئے دیکھیں:
www.mhcs.health.nsw.gov.au